## لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی صدر مملکت سے ملاقات

## ملکی و بین الاقوامی امور، عام انتخابات اور امن عامہ کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## متحدہ قومی موومنٹ ملکی سلامتی و بقاء کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی، الطاف حسین

## عام انتخابات میں جو جماعت اکثریت حاصل کرے گی اسے حکومت بنانے کا موقع دیا جانا چاہیئے، الطاف حسین

## ملکی استحکام کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا بہت نمایاں اور مثبت کردار ہے، صدر پرویز مشرف

## انتخابات میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت ہی حکومت بنائے گی۔صدر پرویز مشرف

لندن۔۔۔26 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج لندن کے ڈورچیسٹر (Door Chester) ہوٹل میں صدر پاکستان پرویز مشرف سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات سوا گھنٹے تک جاری رہی جس میں ملکی و بین الاقوامی امور کے علاوہ 18 فروری کو ہونے والے عام انتخابات اور ملک میں امن عامہ کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت کو یقین دلایا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملکی سلامتی اور بقاء کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی اور اس کیلئے متحدہ سمجھتی ہے کہ تمام صوبوں کو ان کے حقوق دیئے جائیں تاکہ ملک میں ایتھنو لنگوسٹک پرٹیکلرازم (Ethno - Linguistic Particularism) کے بجائے ایتھنو لنگوسٹک کلچرل پلورل ازم (Ethno-Linguistic Cultural Pluralism) پروان چڑھے اس طرح ملک میں پلورل اسٹک سوسائٹی (Pluralistic Sociecty) کا قیام عمل میں آئے گا اور ایسی صورت میں ملک پر کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی غلط نگاہ ڈالنے کی جرات نہیں کرسکتی۔ جناب الطاف حسین نے عام انتخابات کے حوالہ سے صدر مملکت سے یہ بھی کہا کہ انتخابات غیر جانبدارانہ، منصفانہ، آزادانہ اور شفاف ہونے چاہئیں اور انتخابات میں جو بھی پارٹی اکثریت حاصل کرے اسے حکومت بنانے کا موقع دیا جانا چاہیئے ۔صدر مملکت پرویز مشرف نے کہا کہ میں متعدد بار یہ بات کہہ چکا ہوں اور آج ایک مرتبہ پھر اس بات کو دہراتا ہوں کہ 18 فروری کو ہونے والے عام انتخابات ، آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف ہوں گے اور یقیناً انتخابات میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت ہی حکومت بنائے گی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت سے 27 دسمبر کو بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ہونے والے پرتشدد واقعات کے بارے میں بھی بات کی اور ان سے کہا کہ کراچی سمیت سندھ بھر میں جو عوام کی پراپرٹیز اور جانی و مالی نقصان ہوا ہے اس کا جتنی جلد ممکن ہو سکے ازالہ کیا جائے اور حکومت متاثرین کو معاوضہ ادا کرے جس پر صدر مملکت پرویز مشرف نے کہا کہ اس سلسلہ میں کمیشن کا قیام عمل میں آچکا ہے جو انتہائی تیزی کے ساتھ اپنا کام کررہا ہے تاکہ جلد از جلد متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کیا جاسکے۔صدر مملکت پرویز مشرف نے کہا کہ 27 دسمبر اور 28 دسمبر کو کراچی سمیت سندھ بھر میں جو افسوسناک و دردناک واقعات ہوئے ہیں اس پر ایم کیو ایم نے جس طرح صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا ہے وہ نہ صرف قابل تعریف ہے بلکہ ایم کیو ایم کے اس عمل کی وجہ سے سندھ میں حالات کو جلد سے جلد پرامن بنانے میں بڑی مدد ملی ہے۔اس کے علاوہ ملکی استحکام میں بھی متحدہ قومی موومنٹ کا بہت نمایاں اور مثبت کردار رہا ہے۔ ملاقات میں صدر مملکت کی معاونت ان کے ملٹری سیکریٹری جنرل شفقات اور جناب الطاف حسین کی معاونت ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق اور رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے کی۔

## یورپی یونین کے وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم سے ملاقات

کراچی۔۔۔26/جنوری2008ء

آئندہ عام انتخابات کا جائزہ لینے کیلئے پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے یورپی یونین کے مبصرین کے دو رکنی وفد نے ہفتے کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے ملاقات کی۔وفد میں Wolfgang Von Schmettau اور Nora-Hasmig Kankashian شامل تھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، 18،فروری کو ہونے والے عام انتخابات اور ایم کیو ایم کی انتخابی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## سندھ میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات پر سول سوسائٹی کی خاموشی معنٰی خیز ہے، علامہ عباس کمیلی، ڈاکٹر محمد علی بروہی

کراچی۔۔۔26،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز علامہ عباس کمیلی اور ڈاکٹر محمد علی بروہی نے پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد سندھ بالخصوص کراچی میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات پر سول سوسائٹی کے جانبدارانہ اور متعصّبانہ طرز عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 27، دسمبر2007ء کے سانحہ کے بعد سندھ کے مختلف شہروں بالخصوص کراچی میں مسلح دہشت گردوں نے سرکاری و نجی املاک پر حملے کیے، شہریوں کے گھروں، دفاتر، فیکٹریوں، ملوں، پیٹرول پمپوں اور گاڑیوں کو نذر آتش کیا اور کھلے عام لوٹ مار کی حتیٰ کہ فیکٹریوں میں موجود محنت کشوں کو بھی زندہ جلا دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان المناک اور افسوسناک واقعات پر سول سوسائٹی، انسانی حقوق کی تنظیموں، وکلاء برادری، آزادی صحافت کے علمبردار، دانشور اور کالم نگار حضرات کی خاموشی معنٰی خیز ہے اور سندھ کے عوام یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کی جدوجہد کا دعویٰ کرنے والی سول سوسائٹی ان کے ساتھ کی جانے والی ظلم و زیادتی پر خاموشی اختیار کر کے ظالموں کا ساتھ کیوں دے رہی ہے؟ اور وہ یہ سوال کرنے میں بھی حق بجانب ہیں کہ سندھ بالخصوص کراچی میں قتل و غارتگری، جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے متاثرین کی امداد کیلئے سول سوسائٹی نے اب تک صدائے احتجاج کیوں بلند نہیں کی؟ حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ سول سوسائٹی کے جانبدارانہ اور متعصّبانہ طرز عمل سے ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ اسے سندھ بالخصوص کراچی کے عوام سے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔

## بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیو ایم کے دفتر پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کا نوٹس لیا جائے، سردار خان

کراچی۔۔۔26،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور دیگر ارکان نے بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیو ایم کے الیکشن آفس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس گھناؤنے عمل کو کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں پی پی او سی کے ارکان نے کہا کہ جمعہ کے روز بلدیہ ٹاؤن کے علاقے یوسی 4 میں واقع ایم کیو ایم کے الیکشن آفس پر ایم کیو ایم کے کارکنان موجود تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ایم کیو ایم کے انتخابی دفتر پر حملہ کر دیا اور دفتر میں موجود افراد پر فائرنگ کر دی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے انتخابی دفتر پر حملہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے اور جو عناصر اس گھناؤنے عمل میں ملوث ہیں وہ کراچی اور شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔ پی پی او سی کے ارکان نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے دفتر پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کا نوٹس لیا جائے اور فائرنگ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔

## عوام ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ کریں، شیخ محمد افضل

کراچی۔۔۔26،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس123 شیخ محمد افضل نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ جمعہ کے روز کورنگی نمبر5، 6بی ایریا، مدینہ کالونی اور ایم ایریا کورنگی نمبر4 میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں غریب عوام کے حقوق کی بات تو کرتی ہیں لیکن انہوں نے غریب عوام کی فلاح و بہبود کیلئے آج تک کوئی اقدامات نہیں کیے حتیٰ کہ عام انتخابات میں اپنی پارٹی کے غریب کارکنوں کو انتخابی ٹکٹ دینے کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں کو انتخابی ٹکٹ دیکر ثابت کر دیا یہ جماعتیں ملک بھر کے غریب عوام سے ہرگز مخلص نہیں ہیں۔ شیخ محمد افضل نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کی قیادت سے لیکر کارکنان تک غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ایم کیو ایم نے عام انتخابات میں انتخابی ٹکٹ کا نیلام گھر سجانے کے بجائے غریب و متوسط طبقہ کے کارکنان کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی محافظ سیاسی و مذہبی جماعتوں کو آزمانے کے بجائے ایم کیو ایم کو خدمت کا موقع دیں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## گرومندر کی میمن برادری نے عام انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔۔۔26،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے252 عبدالرشید گوڈیل اور پی ایس 117 سے نامزد امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد نے انتخابی مہم کے سلسلے میں موناا سکوائر گرومندر میں منعقدہ کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کیا۔کارنر میٹنگ میں موناا سکوائر کی میمن برادری کے صدر رؤف میمن ، علاقے کے بزرگوں،خواتین اورنوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر مونااسکوائر کی میمن برادری کے صدر رؤف میمن نے عام انتخابات میں ایم کیوایم کی مکمل حمایت کا اعلان کیا اور میمن کمیونٹی سے اپیل کی وہ18 ،فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد کردہ حق پرست امیدواروں کوزیادہ سے زیادہ ووٹ دیں۔قبل ازیں نامزد حق پرست امیدواران عبدالرشید گوڈیل اورڈاکٹر صغیر احمد نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ امن پسند جماعت ہے اور جمہوریت پر مکمل یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی بلا امتیاز رنگ ونسل خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے اورایم کیوایم عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ہی ملک بھر سے عام انتخابات میں حصہ لے رہی ہے۔

## ایم کیوایم98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے، کے ایس مجاہد،شیخ فیروز

کراچی ۔۔۔26،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے239 کے ایس مجاہد خان بلوچ اور برائے پی ایس89 سے شیخ محمد فیروز نے کہا ہے کہ دہشت گردی اورغنڈہ گردی سے ایم کیوایم کوحق پرستی کی جدوجہد سے بازنہیں رکھا جاسکتا اور جوعناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشیں کررہے ہیں وہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دشمن ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں ماڑی پور کے علاقے مچھر کالونی میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ میں مچھر کالونی کے مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم ماڑی پور سیکٹر کمیٹی کے اراکین علاقائی ذمہ داران اورکارکنان بھی موجود تھے۔کے ایس مجاہد بلوچ اورشیخ محمد فیروز نے کہا کہ بعض عناصر اپنے مذموم سیاسی مفادات کیلئے دہشت گردی اورغنڈہ گردی کے ذریعے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشیں کررہے ہیں لیکن سازشی ہتھکنڈوں سے ایم کیوایم کوحق پرستی کی جدوجہد سے بازنہیں رکھا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عناصر باشعور ہیں اورایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہیں۔انشاءاللہ عوام اپنے اتحاد سے کراچی کا امن تباہ کرنے کی ہرسازش کوناکام بنادیں گے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی18 رفروری کو ہونے والے عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد کے بزرگ کارکن محمد اختر خان کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔26، جنوری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر،ایلڈرزونگ کے کارکن محمد اختر خان کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔26،جنوری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر،ایلڈرزونگ کے کارکن محمد اختر خان، یونٹ160 ایلڈرزونگ کے کارکن اصغر علی کی صاحبزادی بینش اصغر، یونٹ162 کے شہید کارکن عابد ایوب انصاری کی والدہ محترمہ صابرہ خاتون، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ69 کے کارکن آصف اختر کی ہمشیرہ صائقہ پروین، محبان پاکستان اوورسیز جدہ یونٹ کے سابق آرگنائزر راشد علی خان کے بھائی ساجد علی خان اورایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ165 کے ہمدرد محمد بلال صدیقی کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ89 کے کارکن منتظر تبسم کے والد برکت مسیح کے انتقال پربھی گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اورمرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی۔

☆☆☆☆☆